34160 ـ صف میں داخل ہونے کے لیے نمازیوں کو ایک دوسرے کو قریب کرنا

سوال

میں مسجد میں جاؤں اور امام نماز شروع کر چکا ہو تو اگلی صف میں اگر کوئی خلا ہونے کی صورت میں کیا میں نمازیوں کو اور قریب کر سکتا ہوں تا کہ صف میں شامل ہو کر خالی جگہ پوری کر دوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفیں برابر کرنے اور خالی جگہ پر کرنے اور اگلی صفوں کو پہلے مکمل کرنے کا حکم دیا اس سلسلے میں بہت سی احادیث مشہور ہیں، جن میں سے درج ذیل حدیث بھی ہے:

بخاری اور مسلم نے انس رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" تم اپنی صفیں برابر کرو، کیونکہ صف برابر کرنا نماز کو پورا کرنا ہے "

صحیح بخاری حدیث نمبر (690) صحیح مسلم حدیث نمبر (433).

اور بخاری شریف کے الفاظ یہ ہے:

" نماز قائم کرنے میں سے ہے "

احمد، ابو داود اور نسائی نے بھی انس رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" تم پہلے پہلی صف مکمل کرو اور پھر اس کے ساتھ والی، اگر کوئی نقص ہو تو وہ آخر والی صف میں ہو "

مسند احمد حدیث نمبر (12374) سنن ابو داود حدیث نمبر (671) سنن نسائی حدیث نمبر (818).

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

امام احمد اور ابو داود نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے بیان کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" صفیں سیدھی کرو، تم صفیں اس طرح بناؤ جس طرح فرشتے بناتے ہیں، کندھوں کو برابر کرو، اور خالی جگہیں پر کرو، اور شیطان کے لیے خلا مت چھوڑو، جس نے صف کو ملایا اللہ تعالی اسے ملائےگا، اور جس نے صف کو کاٹا اللہ اسے کاٹے گا "

مسند احمد حدیث نمبر (5724) سنن ابو داود حدیث نمبر (666) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اس بنا پر آپ کا اگلی صف کے نمازیوں کوایک دوسرے کے قریب کر کے خالی جگہ پر کرنا مشروع اور اچھا عمل ہے، جبکہ ایسا کرنے میں مقتدیوں کو تنگی اور اذیت کا سامنا نہ ہوتا ہو.

واللہ اعلم .